اٰياتها ٦٢ ٥٣ سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ ٢٣ ركوعاتها ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ﴿۱﴾

۱۔ ستارے کی قسم جب غائب ہونے لگے۔

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ﴿۲﴾

۲۔ کہ تمہارے رفیق یعنی ہمارے نبی نہ رستہ بھولے ہیں نہ بھٹکے ہیں۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ؕ﴿۳﴾

۳۔ اور نہ یہ خواہش نفس سے کچھ بولتے ہیں۔

اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْىٌ يُّوْحٰى ۙ﴿۴﴾

۴۔ یہ قرآن تو ایک وحی ہے جو انکی طرف بھیجی جاتی ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾

۵۔ انکو نہایت قوت والے نے سکھایا۔

ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۙ﴿۶﴾

۶۔ یعنی جبرائیل نے جو طاقتور ہیں پھر وہ پوری طرح بیٹھے۔

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ﴿۷﴾

۷۔ جبکہ وہ آسمان کے اونچے کنارے پر تھے۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ﴿۸﴾

۸۔ پھر وہ قریب ہوئے پھر مزید نیچے آ گئے۔

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ﴿۹﴾

۹۔ تو وہ دو کمان کے فاصلے پر ہو گئے یا اس سے بھی کم۔

فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ؕ﴿۱۰﴾

۱۰۔ پھر اللہ نے اپنے بندے کی طرف جو حکم بھیجا سو بھیجا۔

اٰیاتها ۱۱ | ۹۳ سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ ۱۱ | رکوعها ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَ الضُّحٰى ۙ﴿۱﴾

۱۔ آفتاب کی روشنی کی قسم۔

وَ الَّيۡلِ اِذَا سَجٰى ۙ﴿۲﴾

۲۔ اور رات کی تاریکی کی قسم جب وہ چھا جائے۔

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَ مَا قَلٰى ؕ﴿۳﴾

۳۔ اے نبی ﷺ تمہارے پروردگار نے نہ توتمکو چھوڑ دیا اور نہ تم سے ناراض ہی ہوا۔

وَ لَلۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ لَّكَ مِنَ الۡاُوۡلٰى ؕ﴿۴﴾

۴۔ اور آخرت تمہارے لئے دنیا سے کہیں بہتر ہے۔

وَ لَسَوۡفَ يُعۡطِيۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى ؕ﴿۵﴾

۵۔ اور تمہارا پروردگار عنقریب تمہیں اتنا کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔

اَلَمۡ يَجِدۡكَ يَتِيۡمًا فَاٰوٰى ۖ﴿۶﴾

۶۔ بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی بیشک دی۔

وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۖ﴿۷﴾

۷۔ اور تمہیں رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا۔

وَ وَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰى ؕ﴿۸﴾

۸۔ اور اس نے تمہیں تنگ دست پایا تو غنی کر دیا۔

فَاَمَّا الۡيَتِيۡمَ فَلَا تَقۡهَرۡ ؕ﴿۹﴾

۹۔ تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا۔

وَ اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ ؕ﴿۱۰﴾

۱۰۔ اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا۔

وَ اَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ ﴿۱۱﴾ ع ۱ ۱ ۱۸

۱۱۔ اور اپنے پروردگار کی نعمت یعنی وحی کا بیان کرتے رہنا۔